سوال

(230) عورت کااپنے داماد سے پردہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے ہاں ایک عورت ہے،جس کی ایک شادی سدہ بیٹی بھی ہے لیکن یہ عورت اپنے داماد سے پردہ کرتی ہے،اس کے ساتھ مل کرکھاتی ہے نہ خاندانی تقریبات وغیرہ کے موقعہ پراسے سلام کرتی ہے تواس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بیٹی کا شوہراس کی ماں کےلئے محرم ہے کیونکہ محرمات کا ذکرکرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے :

وَأُمَّهـٰتُ نِسائِكُم ... سورة النساء ٢٣

''اورتمہاری بیویوں کی مائیں (یعنی تمہاری ساسیں) بھی تم پرحرام کردی گئی ہیں ۔''

اس پرتمام اہل علم کااجماع ہے کہ مذکورہ آیت کے پیش نظر بیوی کی ماں اوراس کی دادیاں اورنانیاں بھی اس کے شوہر کےلئے محارم ہیں،لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتاکہ ساس اپنے داماد سے پردہ نہ بھی کرے یااس کے ساتھ مل کرکھائے ۔اگرایساکرے تویہ احسن اورافضل ہے،اس سے دونوں کے درمیان محبت اورالفت بڑھے گی اوراللہ تعالیٰ نے جس امرکومباح قراردیاہے اس پرعمل بھی ہوجائے گا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مقالات وفتاویٰ

ص364

محدث فتویٰ